- **Cardiac:** سگریٹ نوشی تو نہیں کرتے؟ بلڈ پریشر کا مسئلہ تو نہیں؟ کولیسٹرول تو زیادہ نہیں؟ شوگر کا مسئلہ تو نہیں؟ پہلے کبھی دل کا اٹیک تو نہیں ہوا؟ کیا شوگر/بلڈ پریشر/کولیسٹرول لیول کنٹرول ہیں؟ کون سی دوا کھا رہے ہیں؟ چیک ہوا ہے؟ ڈاکٹرز (Echo) کرواتے رہے ہیں، کیا آتا ہے؟ انجیو گرافی، سٹنٹ، بائی پاس تو نہیں ہوا؟ کبھی دل کا الٹراساؤنڈ نے بتایا ہو کہ دل کے والو کا مسئلہ ہے؟ بچپن/لڑکپن میں کبھی جوڑوں کے درد کے ساتھ بخار ہوا ہو جس کے بعد سانس
  خراب بھی ہونے لگ گیا ہو؟ *(Rheumatic Heart Disease)*
- **Respiratory:** دمہ کا مسئلہ تو نہیں؟ پرانی کھانسی بلغم تو نہیں رہتی؟ کھانسی کے ساتھ جوڑوں میں درد اور ٹانگوں پر سرخ نشان پڑ جاتے ہوں جو درد بھی کرتے ہوں؟ *(Sarcoidosis)*
- **Thromboembolism:** کبھی جسم کے کسی حصے میں خون جم گیا ہو؟ کسی ایک ٹانگ کی سوجن ہوتی ہو؟ کینسر کا مسئلہ تو نہیں؟ زیادہ دیر بیٹھے تو نہیں رہے؟ جہاز کا سفر کیا ہے کبھی؟ بار بار حمل ضائع تو نہیں ہوتے رہے؟ *(APLA)*

Family History:

- خاندان میں کسی کو دل کا اٹیک تو نہیں ہوا؟ کس عمر میں ہوا تھا؟ خاندان میں کسی کو دل کی بیماری جس میں ڈاکٹرز نے کہا ہو کہ دل کا سائز بڑھ گیا ہے اور دل کمزور ہو گیا ہے؟ *(Cardiomyopathy)*
- خاندان میں کسی کو بھی جسم میں خون جم جانے کی بیماری تو نہیں؟

C. Medications

- کون کون سی دوا لیتے رہے ہیں؟ کبھی بھی کوئی دوا لی ہو؟
- مانع حمل گولی تو نہیں استعمال کرتی رہیں؟
- زبان کے نیچے رکھنے والی گولی / سپرے کا استعمال کرتے رہے ہوں؟
- بھوک کم کرنے والی دوا / وزن کم کرنے والی دوا؟ *(Pulmonary Hypertension)*

D. Social Issues

1. تمباکو نوشی کرتے ہیں؟
2. شراب نوشی تو نہیں کرتے؟
3. کام کیا کرتے ہیں؟ وزن اٹھانے والا / زور والا کام تو نہیں ہے؟
4. سانس کی خرابی کا آپ کی زندگی اور کام پر کیا اثر پڑا ہے؟
5. اور کچھ آپ اپنی بیماری کے بارے میں پوچھنا چاہتے ہوں؟

Renal and thyroid diseases

CASE 11: PALPITATIONS

A. History of Presenting Complaint

.1 Age of Onset:

- کس عمر میں شروع ہوا تھا؟ *(Young: SVT; Old Age: AF / VT)*

.2 Nature of Palpitations:

- دل بہت زیادہ تیز یوں دھڑکتا ہے؟ زور سے دھڑکتا ہے اور دھڑکنے کی آواز ٹھک ٹھک کر کے آتی ہے؟
- ایسے تو نہیں ہوتا کہ دل کی دھڑکن اچانک رک جاتی ہو اور اس کے بعد زیادہ زور سے دھڑکنے لگتا ہو؟ *(Ectopic Beats)*
- دل دھڑکنے کے ساتھ ساتھ گردن میں بھی زور سے نبض چلتی محسوس ہوتی ہے؟ *(Pounding in neck: CHB / AVNRT)*

.3 Rate & Rhythm:

- دل بہت تیز دھڑکتا محسوس ہوتا ہے یا آہستہ؟ اس دوران کبھی نبض کی رفتار گنی ہے؟ کتنی ہوتی ہے؟ کیا دل کی دھڑکن ترتیب وار رہتی ہے یا بے ترتیب ہوتی ہے؟

.4 Time Course, Onset & Frequency:

- کب سے مسئلہ ہے؟ کتنی دفعہ مسئلہ ہوتا ہے دن/ہفتے/مہینے میں؟ کیا اچانک دل کی دھڑکن محسوس ہونے لگ جاتی ہے اور پھر ٹھیک ہو جاتی ہے یا آہستہ آہستہ شروع ہو کر آہستہ آہستہ ہی ختم ہوتی ہے؟ ایک دفعہ جب دل کی دھڑکن تیز محسوس ہوتی ہے تو وہ کتنی دیر رہتی ہے؟ *(Sinus Tachycardia = Gradual)*

.5 Precipitants:

- کیا کوئی ایسی چیز ہے جس سے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہو؟ (مثلاً ورزش، ذہنی تناؤ، شراب نوشی یا کافی پینے کے بعد؟)
- کوئی نشہ آور چیز لینے کے بعد ایسا ہوتا ہے؟ اس کے علاوہ کچھ دن پہلے سے بیمار تو نہیں ہیں / بخار تو نہیں ہوا؟

.6 Termination:

- کس طرح آرام آتا ہے؟ کیا منہ بند کر کے سانس روک کر زور لگانے سے ٹھیک ہوتا ہے؟ *(Vagal Maneuvers for SVT)*
- یا ورزش کرنے سے ٹھیک ہوتا ہے؟ *(Ectopic Beats improve with exercise)*

.7 Associated Symptoms:

- سانس خراب تو نہیں ہوتا ساتھ؟
- کبھی بے ہوشی تو نہیں ہوئی؟ *(Syncope / Pre-syncope)*
- سینے میں درد، متلی اور پسینہ تو نہیں آتا ساتھ؟ *(Ischemia)*
- چلنے پھرنے سے، لیٹنے سے یا رات کو سوتے ہوئے سانس خراب ہوتا ہو؟ پاؤں پر سوجن تو نہیں ہوتی؟ *(Heart Failure)*

B. Relevant Medical & Family History

Past Medical History:

- **Thyrotoxicosis / Hypothyroidism:** وزن میں کمی ہوئی ہو؟ گرمی ناقابل برداشت ہو جاتی ہو؟ ہاتھ کانپتے ہوں، پسینہ بہت زیادہ آتا ہو؟ (یا وزن زیادہ ہوتا ہو، سردی بہت زیادہ لگتی ہو، قبض تو نہیں رہتی؟
- **Hypoglycemia:** سر درد، ٹھنڈے پسینے، بھوک لگ جانا، بے چینی، غنودگی ہو جاتی ہو ساتھ؟
- **Pheochromocytoma:** سر درد ہوتا ہو جس کے ساتھ چہرہ سرخ ہو جاتا ہے؟ اور بہت زیادہ پسینہ آنے کے ساتھ ہاتھ پیر کانپنے لگ جاتے ہوں؟
- **Cardiac:** تو دل کا اٹیک تو نہیں ہوا کبھی؟ کام کاج کے دوران سینے میں درد تو نہیں ہوتی؟ کوئی دل کے والو کا مسئلہ نہیں؟
- **CVA / Vascular:** فالج تو نہیں ہوا ہے؟ جسم کے کسی بھی حصے کی اچانک کمزوری یا اچانک بینائی چلی گئی ہو؟ بلڈ پریشر یا شوگر کا لیول زیادہ ہونے کا مسئلہ تو نہیں؟
- **Psychiatric:** ذہنی تناؤ تو نہیں رہتا؟ *(Anxiety)*
- **Asthma:** دمہ کا مسئلہ تو نہیں؟ اس کے لیے دوا / بھاپ لینے کے لیے تو دل کی دھڑکن نہیں بڑھ جاتی؟ *(Beta-agonists)*

C. Medications

- Levothyroxine, Theophylline, Beta-agonists, Antiarrhythmics, Macrolides, Antihistamines, Psychotropics, GI motility agents, QT prolonging drugs.

D. Social Issues

1. شراب نوشی کرتے ہیں؟
2. کافی پیتے ہیں؟
3. تمباکو نوشی کرتے ہیں
4. اس بیماری کا آپ کی زندگی پر کیا اثر ہو رہا ہے؟
5. گاڑی چلاتے ہیں؟
6. کوئی اور سوال کرنا چاہتے ہوں؟

CASE 12: ANKLE SWELLING

A. History of Presenting Complaint

.1 Onset & Duration:

- پاؤں پر سوجن سب سے پہلے کب شروع ہوئی؟ *(72< hrs = Acute DVT)*
- کیا سوجن آہستہ آہستہ شروع ہوئی یا اچانک سے؟
- کیا سوجن پہلے سے بڑھ رہی ہے یا کبھی کم اور کبھی زیادہ ہو جاتی ہے؟

.2 Pattern, Symmetry & Extent of Involvement:

- کیا دونوں طرف برابر کی سوجن ہے یا ایک طرف سوجن زیادہ ہے؟ یا صرف ایک ہی طرف سوجن ہوئی ہے؟
  - *Asymmetrical:* DVT, Lower limb venous obstruction, Trauma, Infection, Lymphedemic, Varicose veins.
- ٹانگوں میں کہاں تک سوجن ہے؟ کیا صرف جوڑوں کے ارد گرد سوجن ہے؟
- پیشاب والی جگہ (خصیوں کی تھیلی) کی سوجن تو نہیں ہوتی؟
- پیٹ تو نہیں پھول گیا؟ *(Ascites)*
- کیا انگلی سے سوجن کو دبا کر رکھنے سے انگلی کا نشان رہ جاتا ہے؟ *(Pitting vs Non-pitting)*

.3 Aggravating & Relieving Factors:

- کیا دن کے اختتام پر پاؤں/ٹانگوں کی سوجن بڑھ جاتی ہے؟
- کیا کوئی دوا شروع کرنے کے بعد سوجن ہوئی ہے؟
- چوٹ تو نہیں لگی؟ کسی جانور یا کیڑے نے کاٹا ہو؟
- کیا لیٹ کر ٹانگیں جسم سے اونچی رکھنے یا گرم پٹی کرنے کے بعد سوجن کم ہو جاتی ہے؟
- کیا کوئی پیشاب آور دوا دی گئی ہے اور اس سے سوجن میں فرق پڑا ہے؟

.4 Local Features:

- کیا سوجن والی جگہ سے پانی تو نہیں نکلتا/رستا رہتا؟
- سوجن والی جگہ پر جلد کی رنگت کی تبدیلی تو نہیں ہو گئی؟
- سوجن والی جگہ سرخ ہو گئی ہو، گرم محسوس ہو رہی ہو یا ہاتھ لگانے سے درد کرتی ہو؟ *(Cellulitis)*
- پہلے پاؤں/ٹانگوں پر کوئی زخم تو نہیں ہوا؟

.5 Associated Features / Etiology:

- **DVT:** ٹانگ کے پچھلے حصے (پنڈلی) میں درد جو ہاتھ لگانے سے بڑھ جاتی ہو؟
- **Cellulitis:** جگہ سرخ، گرم ہو گئی ہو اور ہاتھ لگانے سے درد ہوتی ہو؟
- **Arthritis:** جوڑوں میں درد تو نہیں رہتا، جوڑوں کی سوجن تو نہیں ہوئی؟
- **Cardiac Failure / Cor-Pulmonale:** کام کاج کرنے سے سانس پھول جاتا ہو؟ لیٹنے سے سانس خراب ہوتا ہے؟ رات کو سانس پھولنے کی وجہ سے اچانک آنکھ کھل جاتی ہو؟ کام کاج کرنے سے سینے میں درد تو نہیں ہوتی؟ کھانسی کا مسئلہ تو نہیں؟ خرائے تو نہیں لیتے سوتے ہوئے؟ دن کو نیند آئی رہتی ہو؟ گردن سے سائز میں موٹی تو نہیں ہو گئی؟
- **COPD:** کھانسی، بلغم، بلغم میں خون؟
- **Malabsorption / IBD:** پرانے پیچش تو نہیں لگے رہے؟ پاخانے میں خون آتا ہو؟ وزن کم ہوا ہو؟ جوڑوں میں درد رہتا ہو؟ ٹانگوں پر سرخ نشان تو نہیں ہیں جو درد بھی کرتے ہوں؟ *(Erythema Nodosum)*
- **Nephrotic Syndrome / Renal Disease:** سارے جسم پر سوزش تو نہیں ہوئی کبھی؟ چہرے پر سوزش (صبح کے وقت)؟ چھوٹے پیشاب میں جھاگ تو نہیں آتی؟ چلنے پر سانس پھول جاتا ہو؟ متلی یا الٹی کا مسئلہ رہا ہو؟ جسم پر خارش رہتی ہو؟ چھوٹا پیشاب کم آتا ہے؟ پیشاب میں رکاوٹ آ گئی ہو؟ گردوں کی صفائی (ڈائیلیسز) ہوئی ہو کبھی؟
- **Hypothyroidism:** گردن کے سامنے والے حصے پر کوئی گلتھی/رسولی/سوزش ہوئی ہو؟ وزن بڑھ تو نہیں گیا؟ سردی ضرورت سے زیادہ محسوس ہوتی ہو؟ تھکاوٹ اور قبض کا مسئلہ تو نہیں؟

- **Extrinsic Venous Compression / Malignancy:** وزن میں کمی ہوتی ہو؟ بھوک کم لگتی ہو؟ پاخانہ ٹھیک آتا ہے؟ جسم پر کوئی گلتھیاں/رسولیاں بن جاتی ہوں؟

.6 Exercise Tolerance:

- اس مسئلے سے پہلے کتنا چل لیتے تھے، کتنا کام کر لیتے تھے؟ ابھی سانس پھولنے کی وجہ سے آپ کی زندگی پر کیا اثر پڑا ہے؟

B. Relevant Medical & Family History

Past Medical History:

- **Cardiac:** سگریٹ نوشی، بلڈ پریشر، شوگر، کولیسٹرول، دل کا اٹیک؟ چیک اپ کی تفصیلات۔ انجیو گرافی، سٹنٹ، بائی پاس، Echo؟ دل کے والو کا مسئلہ؟ بچپن میں جوڑوں کے درد کے ساتھ دل کا مسئلہ ہوا ہو؟
- **Respiratory:** دمہ، پرانی کھانسی بلغم، پرندے تو نہیں رکھے ہوئے گھر؟ بخار، جوڑوں کا درد اور ٹانگوں پر سرخ نشان؟
- **Thromboembolism:** کبھی جسم میں کسی جگہ خون جم گیا ہو؟ ٹانگ کی سوجن؟ بیماری کی وجہ سے زیادہ دیر بیڈ پر رہے ہوں؟ جہاز کا سفر؟ حال ہی میں کوئی آپریشن؟
- **Rheumatological:** جوڑوں میں درد/سوجن؟ جسم پر سرخ نشان؟ منہ میں چھالے؟ سر کے بال گرنا؟ چھوٹے پیشاب میں جھاگ؟ Raynaud's phenomenon؟ کھانا نگلنے میں رکاوٹ؟ جوڑوں کا آپریشن / نیا جوڑ؟
- **Thyroid / Renal / Liver Disease.**

Family History:

- خاندان میں کسی کو دل کا اٹیک؟ دل کی بیماری جس میں دل کمزور ہوا ہو اور سائز بڑا ہوا ہو؟ خون جم جانے کی بیماری؟

C. Medications

- **Drugs causing Edema:** Calcium Channel Blockers (Amlodipine), Steroids, NSAIDs, Thiazolidinediones, Methyldopa, Minoxidil, Hydralazine.
- **Nephrotoxic / Other Drugs:** ACE-Is, Sulphonamides, Gentamicin, Penicillins, NSAIDs, Cyclosporine, HRT, OCPs.

D. Social Issues

1. تمباکو نوشی؟
2. شراب نوشی؟
3. اس مسئلے کی وجہ سے آپ کی زندگی پر کیا اثر ہوا ہے؟

CASE 13: COUGH

A. History of Presenting Complaint

.1 Duration & Onset:

- کھانسی کب شروع ہوئی؟
  - *Acute (<3 weeks):* Respiratory Tract Infection, Asthma, COPD Exacerbation, Pulmonary Embolism, Inhaled Foreign Body.
  - *Subacute (3–8 weeks):* Post-infectious, Sinusitis, Asthma.
  - *Chronic (>8 weeks):* Asthma, GERD, Post-Nasal Drip, Chronic Bronchitis, Bronchiectasis, ILD, ACE-Is. ● **Age of Onset:** کیا بچپن سے کھانسی کا مسئلہ ہے یا جوانی سے؟

.2 Characteristics & Temporal Pattern:

- ہر وقت (روزانہ) کھانسی ہوتی رہتی ہے؟ یا کبھی کبھار ہوتی ہے اور درمیان میں ٹھیک ہو جاتی ہے؟ *(Chronic Bronchitis vs Asthma)*
- کسی خاص موسم میں کھانسی کا مسئلہ ہوتا ہو؟o
- صبح جب جاگتے ہیں تو اس وقت سب سے زیادہ کھانسی ہوتی ہے؟
- رات کے وقت زیادہ کھانسی ہوتی ہے؟ *(Asthma / LVF)*
- کھانا کھانے کے دوران یا بعد میں کھانسی شروع ہو جاتی ہو؟ *(Aspiration / GERD)*
- کیا کھانسی پہلے سے بڑھ گئی ہے یا کم ہو رہی ہے؟

.3 Precipitating Factors:

- کیا کسی خاص چیز سے کھانسی شروع ہوتی ہے یا بڑھ جاتی ہے؟ (مثلاً کھانا کھانے کے دوران، لیٹنے سے، جھکنے یا سیدھا لیٹنے سے، گرد و غبار، سگریٹ کے دھوئیں یا جانوروں کے پاس جانے سے، ٹھنڈ میں، ورزش کے دوران)؟

.4 Associated Symptoms:

- **Sputum (Sputum Production):**
  - کھانسی کے ساتھ بلغم آتی ہے؟ کتنی مقدار میں، کس رنگت کی؟ بلغم میں بدبو تو نہیں آتی؟
  - *Clear / Grey:* Chronic Bronchitis, Asthma.
  - *Purulent (Yellow/Green):* Acute Infection, Bronchiectasis.
  - *Rusty / Brown:* Pneumonia.
  - *Foul Smelling:* Lung Abscess, Bronchiectasis.
  - *Frothy Pink:* LVF / Pulmonary Edema.
  - *Dry Cough:* Viral URTI, GERD, ILD, ACE-I.
- **Hemoptysis:** بلغم میں خون آتا ہو؟ ایک دن میں کتنا بلغم آتا ہے؟ بلغم کے ایک طرف خون لگا ہوتا ہے؟ *(Bronchiectasis / CA Lung)*
- **Chest Pain:** سینے میں جکڑن *(Pleuritic / Pneumonia / PE)* سانس لیتے ہوئے سینے میں درد ہوتی ہو؟ سینے کے درمیان میں درد جو بازو یا جبڑے کی طرف جائے؟ *(Ischemia)* محسوس ہوتی ہو؟ *(Asthma / COPD)*
- **Dyspnea:** اچانک سے کھانسی کے ساتھ سانس بھی خراب ہو گیا ہے؟ یا آہستہ آہستہ؟ سیدھا لیٹنے سے سانس زیادہ خراب ہوتا ہے؟ رات کو سانس اکھڑنے کی وجہ سے جاگ آ جاتی ہے؟ چلنے پھرنے سے سانس زیادہ خراب ہو جاتا ہے؟ کتنا چل لیتے ہیں؟ کتنی سیڑھیاں چڑھ لیتے ہیں؟
- **Wheeze:** سانس لیتے سیٹیوں کی آواز تو نہیں آتی؟
- **Upper Respiratory & Nasal Symptoms:** ناک سے پانی آتا رہتا ہو؟ ناک بند رہتی ہو؟ گلے میں خراش چھینکیں آتی رہتی ہوں؟ *(Post-Nasal Drip)* رہتی ہو؟ گلہ بار بار صاف کرنا پڑتا ہو؟ گلے میں دلیہ/پانی گرتا رہتا ہو؟ *(Sinusitis)* منہ/چہرے پر درد ہوتا ہو؟

- **Hoarseness of Voice:** کیا آپ نے یا کسی اور نے محسوس کیا ہے کہ آپ کی آواز میں تبدیلی آئی ہے؟ *(Recurrent Laryngeal Nerve Palsy / CA Lung)*
- **GIT:** کچھ دن سے بخار، گلہ خراب سینے میں جلن ہوتی ہو؟ منہ میں تیزابیت / کڑوا ذائقہ محسوس ہوتا ہو؟ *(GERD)*
- **Systemic Symptoms:** ہلکا بخار جو ہوا ہو؟ وزن میں کمی اور بھوک نہ لگتی ہو؟ ● جسم پر کوئی سرخ نشان بنے ہوں، آنکھیں شام کو زیادہ ہو جاتا ہو، وزن کم ہوا ہو، رات کو پسینے آتے ہوں؟ *(TB)* سرخ، جوڑوں میں درد؟ *(Sarcoidosis / Wegener's)*
- **Complications of Cough:** چھوٹا پیشاب نکل جاتا ہے کھانسی کی وجہ سے؟ کھانسی کے ساتھ کبھی بے ہوش تو نہیں ہوئے؟ *(Cough Syncope)*

B. Relevant Medical & Family History

Past Medical:

- بچپن سے دمہ کا مسئلہ؟ بار بار پھیپھڑوں کی انفیکشن ہوتی رہتی ہو؟
- پہلے ٹی بی ہوئی تھی؟ معدے کی تیزابیت / السر کا مسئلہ تو نہیں؟ ● **Family History:** ● دل کا کوئی مسئلہ؟
- خاندان میں الرجی کا مسئلہ؟ خاندان میں کسی کو پھیپھڑوں کا کینسر ہوا ہو؟ ● خاندان میں کسی کو ٹی بی کا مسئلہ ہوا ہو؟ ●

C. Medications & Allergies

- **ACE-Inhibitors:** بلڈ پریشر کی دوا لے رہے ہیں؟ ●
- **NSAIDs / Aspirin, Beta-Blockers:** (Asthma triggers).
- Nitrates, CCBs, Bisphosphonates (GERD triggers).
- Theophylline. ● کسی چیز سے الرجی؟ دوا، گرد، پرندوں، جانوروں سے؟ ● استعمال کرتے ہیں؟ دن میں کتنی دفعہ؟ ● Inhaler

D. Social Issues

1. بیماری آپ کی روزمرہ زندگی پر کیسے اثر انداز ہو رہی ہے؟
2. کام کیا کرتے ہیں؟ (Dusts / Chemical fumes / Solvents / Asbestos exposure)?
3. باہر کے ملک کا سفر کیا ہے؟
4. جانور / پرندے رکھے ہوئے ہیں؟

CASE 14: WHEEZE

A. History of Presenting Complaint

.1 Onset & Age:

- کب سے مسئلہ ہے؟ کس عمر میں شروع ہوا؟
- سیٹی کی آواز کب آتی ہے؟
    - *Acute Onset:* Anaphylaxis, Acute Exacerbation of Asthma / COPD, Foreign Body Aspiration, PE, LVF, Respiratory Tract Infection.
    - *Subacute / Chronic:* Asthma, COPD, CA Lung.

.2 Associated Respiratory Symptoms:

- **Cough:** ساتھ کھانسی کا مسئلہ تو نہیں؟ کب سے کھانسی ہے؟ خشک کھانسی ہے یا بلغم بھی آتی ہے؟ کیا ایسا تو نہیں ہوتا کہ خشک کھانسی رات کو ہوتی ہو جس کے ساتھ سانس بھی پھولتا ہو اور سیٹی کی آواز بھی آتی ہو؟ *(Asthma)*
- **Dyspnea:** ساتھ سانس پھولنے کا مسئلہ ہوتا ہے؟ کتنا کام کرنے کے بعد سانس پھولتا ہے؟ کتنا چلنے کے بعد؟ کتنی سیڑھیاں چڑھنے کے بعد؟
- **Chest Tightness:** کیا لیٹنے میں جکڑن محسوس ہوتی ہے؟
- **Chest Pain:** سانس کے ساتھ یا کھانسی کے ساتھ سینے میں درد ہوتی ہے؟
- **Hemoptysis:** کھانسی/بلغم کے ساتھ خون آتا ہے؟ (اگر ہاں، تو وزن میں کمی، تمباکو نوشی، آواز میں تبدیلی، ٹانگ جراحی/سفر کے بارے میں پوچھیں)۔ T.B، کی سوزش اور درد، مانع حمل گولی، کینسر
- **Hoarseness:** آواز میں تبدیلی آ گئی ہے؟
- **Constitutional Symptoms:** بخار، وزن میں کمی، رات کو پسینے آتے ہوں؟

.3 Associated Systemic Features:

- **Cardiac:** کام کاج کرنے سے سینے میں درد ہوتا ہو جو بازو اور جبڑے کی طرف جائے؟ سیدھے لیٹنے سے سانس پھولنے کی وجہ سے دشواری ہوتی ہے؟ رات کو اچانک سانس کی خرابی کی وجہ سے آنکھ کھل جاتی ہے؟ پاؤں/ٹانگوں کی سوجن ہوئی ہے؟ *(Cardiac Asthma / LVF)*
- **Anaphylaxis / Allergy:** جسم پر سرخ ابھار بن جاتے ہوں جن پر خارش بھی ہوتی ہو؟ کبھی زبان کی سوجن ہوئی ہو؟ ساتھ پیٹ میں درد اور متلی شروع ہو جاتی ہو؟
- **Atopy:** ناک بند رہتی ہو؟ ناک سے پانی آتا ہو اور ساتھ چھینکیں آتی رہی ہوں؟ *(Allergic Rhinitis)*
- **Churg-Strauss Syndrome (CSS):** جسم پر سرخ نشان بن جاتے ہوں؟ جسم کا کوئی حصہ سُن ہو گیا ہو یا کمزور؟
- **Carcinoid Syndrome:** اچانک سے چہرہ سرخ ہو جاتا ہے اور ساتھ چھاتی میں سیٹی کی آواز آنے لگ جاتی ہے؟ پیٹ درد اور پیچش لگ جاتے ہوں ساتھ؟
- **GERD:** سینے میں جلن ہوتی ہو؟ لیٹنے پر منہ میں کڑوا ذائقہ آتا ہو؟

.4 Progression & Precipitating Factors:

- کیا یہ علامات لگاتار رہتی ہیں یا کبھی ٹھیک بھی ہو جاتی ہیں؟ کیسے ٹھیک ہوتی ہیں—پمپ/بھاپ/انہیلر لینے سے؟ *(Asthma vs COPD)*
- **Specific Triggers:**
    1. سگریٹ کے دھوئیں سے؟
    2. پولن / پھولوں اور درختوں کے پاس سے گزرنے سے (موسم بہار میں)؟
    3. ٹھنڈی ہوا سے؟
    4. ورزش کرنے سے؟
    5. گھر میں گرد و غبار سے؟ *(House Dust Mite)*
    6. ذہنی دباؤ سے؟
    7. نزلہ زکام لگنے سے؟ *(Viral Illness)*
    8. جانوروں کے بال یا جلد سے؟ *(Animal Dander)*
    9. کوئی مخصوص کھانا (مونگ پھلی) / کیڑے کے کاٹنے سے / دوا لینے سے؟ *(Anaphylaxis)*

.5 If Known Asthmatic (Detailed Asthma History):

1. کیا آپ کو پہلے سے دمہ کا مسئلہ ہے؟ اگر ہاں، تو کب سے ہے؟ کیسے تشخیص ہوئی؟ کون سی دوا لے رہے ہیں؟
2. معمول سے ہٹ کر اب کیا زیادہ علامات آ رہی ہیں؟
3. رات کو نیند میں خلل آتا ہے دمہ کی علامات کی وجہ سے؟
4. کتنی دفعہ انہیلر استعمال .(Cough, Wheeze, Chest Tightness, SOB) کیا دن میں بھی یہ علامات آتی ہیں؟ کرتے ہیں؟
5. کیا ان علامات کی وجہ سے معمولاتِ زندگی متاثر ہوئے ہیں؟
6. ورزش کرنے پر علامات آتی ہیں؟
7. **Peak Expiratory Flow (PEF):** سب سے اچھا کیا آیا آپ کا؟ آج کل تبدیل تو نہیں ہوا؟
8. استعمال کرتے ہیں؟ (Nebulizer) گھر پر بھاپ والی مشین ?(Inhaled / Oral) کون سی دوا لے رہے ہیں
9. **Exacerbation History:** میں ICU ایک سال میں کتنی دفعہ دمہ کا شدید اٹیک ہوا؟ کبھی ہسپتال داخل رہنا پڑا ہو؟ رہنا پڑا ہو / وینٹی لیٹر پر؟

B. Relevant Medical & Family History

- **Atopy:** بلڈ پریشر، شوگر، پہلے کبھی دل کا پرانا نزلہ زکام، جلد پر خارش/ایگزیما کا مسئلہ؟
- **Cardiac Risk Factors:** اٹیک، تمباکو نوشی؟
- **Intubation** بے ہوشی کرتے کبھی کوئی آپریشن ہوا ہو؟ *(Injury during intubation)*
- **Family History:** خاندان میں نزلہ، زکام، خارش، دمہ کا مسئلہ؟ **History:**

C. Medications

- Beta-Blockers, NSAIDs, Aspirin. دل کی دھڑکن کنٹرول کرنے والی
- دوائیاں؟ مانع حمل گولی کا استعمال؟ *(PE risk)*
- Inhaled / Smoked Cocaine?

D. Occupational & Social History

1. کیا کام کرتے ہیں؟ کیا کام پر جانے کے دوران علامات زیادہ تو نہیں ہو جاتیں؟
   - آٹے والی مل؟
   - جانوروں کا فارم؟
   - کیمیکل فیکٹری؟ ?(Latex) کا کام؟ بجری سیمنٹ کا کام؟ دستانے بنانے والی فیکٹری (Plumber) پینٹر / نلکے
   - Asbestos exposure?
2. چھٹی والے دن یا کام سے واپس آنے کے بعد علامات میں بہتری آتی ہے؟ *(Occupational Asthma)*
3. یہ ساری علامات معمولاتِ زندگی پر کیسے اثر انداز ہو رہی ہیں؟
4. تمباکو نوشی کرتے ہیں یا گھر/دوستوں میں سے کوئی کرتا ہے؟ *(Passive Smoking)*
5. گھر میں جانور یا پرندے تو نہیں رکھے ہوئے؟

CASE 15: HEMOPTYSIS

A. History of Presenting Complaint

.1 Onset & Duration:

- کھانسی/بلغم کے ساتھ خون آنے کا مسئلہ کب سے ہے؟
  - *Age >50 + Smoking:* Malignancy.
    - *Young Age:* Pulmonary-Renal Syndrome, Hereditary Hemorrhagic Telangiectasia (HHT), PE, Pulmonary Hemorrhage.
- کیا اچانک سے مسئلہ شروع ہوا؟
- دن میں کتنی دفعہ بلغم/کھانسی کے ساتھ خون آتا ہے؟ پہلے ایسا کتنی دفعہ ہو چکا ہے؟

.2 Color & Quantity:

- **Color:**
  - *Fresh Red Blood:* Active Bleeding.
  - *Pink Frothy:* Pulmonary Edema, Mitral Stenosis.
  - *Purulent + Blood:* Pneumonia, Bronchiectasis.
  - *Dark / Brown:* Melanoptysis (Pneumoconiosis).
- **Quantity:** ○ *200<)* چمچ میں/کتنے برتن میں خون آ جاتا ہے؟ *ml / 24 hrs = Massive Hemoptysis / Poor Prognosis)*

.3 Associated Symptoms:

- **Cough & Sputum:** کھانسی اور بلغم رہتی ہے؟ کب سے یہ مسئلہ ہے؟ اچانک ہوا؟ پرانی کھانسی اور بلغم رہتی ہو پرانی بلغم کا مسئلہ ہو اور اب *(Chronic Bronchitis)* اور تھوڑی مقدار میں بلغم کی ایک طرف خون لگا ہوتا ہو؟ *(Bronchiectasis)* زیادہ خون آنا شروع ہو گیا ہو؟
- **Dyspnea:** سانس کی خرابی کے ساتھ گلابی رنگت کا جھاگ نما خون آتا ہو؟ *(PE)* اچانک سے سانس خراب ہوا ہو؟ لیٹنے سے سانس زیادہ خراب ہوتی ہو؟ رات کو جاگ آ جاتی ہو؟ خون پتلا کرنے والی دوا لے *(Pulmonary Edema)* رہے ہوں؟ *(Anticoagulants)*
- **Chest Pain:** سانس / کھانسی کے ساتھ سینے میں درد؟ *(Pleuritic / PE / Infection)*
- **Constitutional Symptoms:** بخار، سردی اور رات کو پسینے آتے ہوں؟ *(TB / Lung Abscess / Infection)*
- **Hoarseness & Dysphagia:** کیا آواز میں تبدیلی ہوئی ہے؟ کھانا کھاتے ہوئے گلے میں پھنس/رک جاتا ہو؟ *(CA Lung / Mitral Stenosis with Enlarged Left Atrium)*
- **Autoimmune / Systemic:**
  - *Wegener's Granulomatosis:* جسم پر سرخ نشان، جوڑوں میں درد، ناک سے خون آتا ہے؟
  - *SLE:* جسم پر سرخ نشان، جوڑوں میں درد، منہ میں چھالے، سر کے بال گرنا؟ ○ چھوٹے
  - *Goodpasture's Syndrome:* جسم کے پیشاب میں خون آیا ہو؟ جسم پر سوجن ہوتی ہو؟
  - *HHT:* کسی بھی حصے (جلد/میو کوسا) سے خون نکلتا ہے؟
- **Risk Factors for Thromboembolism (PE):** ٹانگ میں درد/سوجن؟ ابھی کوئی آپریشن ہوا ہو؟ جسم کے کسی حصے میں کبھی خون جما ہو؟ بار بار حمل ضائع ہوتے ہوں؟ مانع حمل گولی کا استعمال؟ جہاز میں سفر؟
- **Catamenial Hemoptysis:** ماہواری آنے کے دوران کھانسی کے ساتھ خون آتا ہو؟ *(Pulmonary Endometriosis)*
- **GIT Differential (Hemoptysis vs Hematemesis):** پیٹ میں درد، متلی، الٹی، کالے رنگ کے پاخانے آتے ہوں؟

B. Relevant Medical & Family History

Past Medical History:

- بار بار کھانسی، بلغم، بخار ہو جاتا ہو بچپن سے؟ *(Bronchiectasis / Cystic Fibrosis)*

- بچپن میں کبھی جوڑوں کا درد ہوا ہو جس کے ساتھ دل کا مسئلہ/جسم پر سرخ نشان بنے ہوں؟ *(Rheumatic Fever / Mitral Stenosis)*
- خون بہنے کی بیماری تو نہیں؟ *(Bleeding Disorders)*
- کبھی فالج ہوا ہو؟ دماغ کی شریان پھٹنے کی وجہ سے؟ کالے پاخانے یا خون کی الٹی بھی آئی ہو؟ *(HHT)*
- یرقان کا مسئلہ تو نہیں؟ بے ہوش ہوتے ہوں کبھی؟
- اور کسی قسم کی بیماری/دوائی لے رہے ہوں؟

Family History:

- خاندان میں کسی کو پھیپھڑوں کا کینسر ہوا ہو؟
- کسی کو TB ہوا ہو؟
- خاندان میں ناک، منہ، پاخانے کے راستے خون آنے والی بیماری ہو؟ *(HHT)*
- خاندان میں خون جم جانے کی بیماری؟

C. Medications & Toxins

- خون پتلا کرنے والی دوائی لے رہے ہوں؟ مانع حمل گولی استعمال کی ہو؟
- نشہ آور دوائی (Cocaine) کا نشہ کرتے ہوں؟ *(Pulmonary Hemorrhage)*

D. Social & Occupational History

1. کام کیا کرتے ہیں؟ (Plumber, duster, Glass factory, Asbestos exposure)?
   تمباکو نوشی کرتے ہیں؟
2. گھر/دوستوں میں کسی کو TB ہوا ہو؟
3.

CASE 16: DIABETES MELLITUS

A. History of Presenting Complaint

.1 Diagnosis & Baseline:

- ابھی کسی مسئلے کے ساتھ آنا ہوا ہے؟
- شوگر کا مسئلہ کب سے ہے؟ اس وقت کتنی عمر تھی؟ *(Type 1 vs Type 2)*
- حمل کے دوران شوگر زیادہ تو نہیں ہوئی تھی؟ زیادہ وزن والے بچے پیدا ہوئے ہوں؟ *(Gestational DM)*
- تشخیص کے لیے کون سا ٹیسٹ ہوا تھا؟ روٹین میں چیک اپ کراتے پتہ چلا تھا یا کوئی علامات آ رہی تھیں؟

.2 Glycemic Control & Symptoms:

- **Current Symptoms:** ابھی چھوٹا پیشاب زیادہ آنے، پیاس زیادہ لگنے، وزن میں کمی، نظر میں دھندلاہٹ، پیشاب والی جگہ پر خارش کا مسئلہ تو نہیں؟ *(Polyuria, Polydipsia, Weight loss, Pruritus vulvae)*
- **Monitoring:** شوگر چیک کرتے ہیں؟ کتنی آتی ہے؟ زیادہ سے زیادہ کتنی اور کم سے کم کتنی؟ کھانے سے پہلے اور بعد میں کتنی آتی ہے؟
- **HbA1c:** شوگر کے 3 مہینے کے کنٹرول والا ٹیسٹ (HbA1c) کرایا کبھی؟ کب؟ اور کیا نتیجہ آیا؟
- **Severe Exacerbations:** کبھی شوگر بہت زیادہ ہونے کی وجہ سے بے ہوشی / ہسپتال داخل ہونا پڑا ہو؟ *(DKA / HHS)* (اگر ہاں، تو مکمل ہسٹری لیں)۔

.3 Current Treatment:

- **Insulin:**
  - کون سی انسولین لگا رہے ہیں؟ (Pen / Syringe)؟
  - کب سے لگا رہے ہیں؟ شروع سے ہی لگا رہے ہیں یا تبدیل کی؟ کیوں تبدیل کی؟
  - شروع میں کتنے یونٹ لگانا شروع کیے تھے؟ اب یونٹ کم/زیادہ تو نہیں کرتے؟ اگر ہاں، تو کس طرح؟
  - کھانے سے پہلے یا بعد میں لگاتے ہیں؟
  - کس طرح لگاتے ہیں انسولین؟ کون سی جگہ پر لگاتے ہیں؟ کیا ایک ہی جگہ پر لگاتے ہیں یا تبدیل کر کے؟
  - جس جگہ انسولین لگاتے ہیں ادھر جلد میں کوئی مسئلہ تو نہیں ہوا؟ *(Lipodystrophy)*
  - گھر میں انسولین کس جگہ رکھتے ہیں؟ اور کہیں ساتھ لے کر جانا ہو تو کیسے لے کر جاتے ہیں؟ *(Cold chain)*
- **Oral Medications:**
  - کون سی دوا لے رہے ہیں؟ (نام بتائیں اگر یاد ہیں تو)۔
  - کب لیتے ہیں؟ کھانے سے پہلے یا بعد میں؟
  - شروع دن میں کتنی دفعہ کون سی گولی لیتے ہیں؟
  - سے اب تک کتنی قسم کی گولیاں لے چکے ہیں؟ کیوں تبدیلی کرنی پڑی؟ انسولین/گولی کا استعمال متواتر کرتے ہیں یا
- **Compliance:** درمیان میں چھوڑ بھی دیتے ہیں؟ دوائی چھوڑنے کی وجہ کیا بنی؟

.4 Hypoglycemia:

- کیا کبھی شوگر کم ہوتی ہے؟
- کیا علامات ہوتی تھیں؟ بے ہوش ہوئے؟ کیسے ٹھیک ہوئے؟ ہسپتال جانے کی ضرورت پڑی؟
- کیا آپ کو شوگر کم ہونے کی علامات کا پتہ ہے؟
- شوگر کم ہونے کی صورت میں کیا کرنا چاہیے؟
- آپ کے خیال میں شوگر کم ہونے کی کیا وجہ بنی؟ (دوا/انسولین زیادہ مقدار میں لگ گئی ہو، کھانا نہ کھایا ہو، زیادہ ورزش)؟

.5 Diet & Lifestyle:

- کھانے کا کوئی چارٹ استعمال کرتے ہیں؟
- کیا آپ کو پتہ ہے شوگر والے مریض کے لیے کون سی غذا اچھی ہے اور کون سی غیر مناسب؟

- ناشتے میں کیا لیتے ہیں؟ دوپہر اور رات کو کیا کھاتے ہیں؟
- کبھی دوپہر یا رات کا کھانا نہ کھایا ہو؟
- وزن میں کمی یا زیادتی ہوتی ہو؟
- **Exercise:** کیا آپ ورزش کرتے ہیں؟ کیا آپ کو کبھی کسی نے ورزش کے فوائد کے بارے میں بتایا ہے؟ ہفتے میں کتنے دن اور دن میں کتنی دیر ورزش کرتے ہیں؟ زیادہ تھکانے والی ورزش ہوتی ہے؟ کبھی ورزش کے بعد شوگر کم ہونے کی شکایت ہوئی؟

.6 Complications Screening:

- **Macrovascular:**
  - *CAD:* سینے میں درد؟ سانس پھولنے کا مسئلہ جو لیٹنے پر زیادہ ہو جاتا ہو؟ رات کو سانس کی خرابی کی وجہ سے نیند میں خلل آتا ہو؟ پاؤں پر سوجن تو نہیں ہوتی کبھی؟ کبھی انجیو گرافی / انجیو پلاسٹی / بائی پاس ہوا؟ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے رہتے ہوں؟ چلنے پر پنڈلیوں میں درد ہوتی ہو؟ *PAD:* نظر کی کمزوری جو اچانک ہوئی ہو یا ہو کر ٹھیک ہو گئی ہو؟ جسم کے کسی حصے کی اچانک *CVD:* کمزوری؟
- **Microvascular:**
  - *Retinopathy:* نظر میں بتدریج یا ابھی کمزوری ہوتی ہو؟ آنکھوں کا معائنہ کرایا؟ کب؟ ڈاکٹر نے کیا بتایا؟ سال تو نہیں لگیں؟ (Laser) میں کتنی دفعہ کراتے ہیں؟ کبھی شعاعیں چھوٹے پیشاب میں جھاگ؟ کم/زیادہ آتا ہو؟ پیشاب ٹیسٹ کرایا کبھی؟ اس میں پروٹین تو نہیں آ *Nephropathy:* کرایا؟ ڈائیلیسز تو نہیں ہوا؟ (Serum Creatinine) رہی؟ گردوں کا ٹیسٹ ہاتھوں اور پیروں میں محسوس کرنے کی صلاحیت ٹھیک ہے؟ سُن تو نہیں رہتے؟ جلن/سوئیاں *Neuropathy:* تو نہیں چبھتیں؟ ذاتی نوعیت کا سوال) ازدواجی تعلقات میں کسی قسم کے مسئلے کا سامنا تو نہیں؟) *Erectile Dysfunction:* پاؤں پر زخم بننے کا مسئلہ تو نہیں؟ کیا اپنے پاؤں کا خیال رکھتے ہیں؟ کس طرح؟ جوتے *Foot Disease:* ٹھیک پورے آتے ہیں؟ زیادہ تنگ یا بڑے تو نہیں؟ جوتے کے تلے نرم ہیں یا سخت؟ گھر میں ننگے پاؤں تو نہیں چلتے؟

B. Hypertension & Hyperlipidemia Review

بلڈ پریشر چیک کراتے ہیں؟ دوا لے رہے ہیں؟ کون سی، متواتر لے رہے ہیں یا کچھ چھوڑ بھی دیتے ہیں؟
- کا ٹیسٹ کرایا کبھی؟ آخری دفعہ کتنا آیا تھا؟ کوئی دوائی لے رہے ہیں؟ (Lipid Profile) خون میں
- چکنائی

C. Relevant Secondary Causes & Family History

- **Secondary DM Causes:**
  - *Chronic Pancreatitis:* پرانے پیچش لگے رہتے ہوں جس میں چکنائی آتی ہو؟ پیٹ میں درد، وزن میں کمی؟
  - *Cystic Fibrosis:* بچپن سے کھانسی، ریشہ، بخار بار بار ہوتا ہو؟
  - *Hemochromatosis:* جوڑوں کا درد، رنگت میں تبدیلی (برونز)، سانس پھول جانا، ازدواجی تعلقات میں مسئلہ؟
  - *Cushing's:* چاول کے دانے کی طرح کی گولیاں استعمال کرتے ہوں؟ جلد نرم ہو گئی ہو، سرخ نشان پڑ جاتے ہوں، بیٹھ کر اٹھنے میں مسئلہ؟
  - *Acromegaly:* چہرے کے خدوخال میں تبدیلی آئی ہو؟ انگوٹھی/جوتے کا سائز بڑھ گیا ہو؟ سر درد رہتا ہو؟ نظر میں کمزوری؟
  - *Pheochromocytoma:* اچانک بہت زیادہ سر درد، پسینہ، پیٹ درد شروع ہو جاتا ہو؟
  - *Transplant:* Tacrolimus لے رہے ہوں؟
- **Family History:** خاندان میں شوگر کی بیماری کا مسئلہ؟ کس عمر میں ہوا تھا؟

D. Medications & Interactions

- **Drugs causing Hyperglycemia:** Steroids, OCPs, Thiazide diuretics, Atypical Antipsychotics, Protease Inhibitors, Tacrolimus.
- **Beta-Blockers:** (Can mask Hypoglycemia Awareness).

E. Social Issues

تمباکو نوشی؟ شراب نوشی کرتے ہیں؟
1. کام کیا کرتے ہیں؟ ابھی شوگر کی وجہ سے کیسے اثر انداز ہو رہی ہے؟ 2. گھر کا یا جاب پر کوئی ایسا کام جو آپ بیماری کی وجہ سے نہ کر سکتے ہوں؟ 3. گھر والوں کو بیماری کا پتہ ہے؟ گھر میں آپ کا خیال کون رکھتا ہے؟ 4. ڈرائیونگ لائسنس اتھارٹی کو بتایا ہوا ہے؟ میڈیکل رپورٹ میں؟ / DVLA گاڑی چلاتے ہیں؟ 5.
حمل تو نہیں ابھی؟
6. *(Depression)* مزاج ٹھیک رہتے ہیں؟
7.

CASE 17: DYSPEPSIA

(Includes complaints of Epigastric Pain, Heartburn, Retrosternal Burning)

A. History of Presenting Complaint

.1 Pain / Burning Characteristics:

- پیٹ درد/جلن کا مسئلہ کب سے ہے؟
- کس جگہ درد ہوتی ہے؟
- کس قسم/نوعیت کی درد ہوتی ہے؟ (دباؤ / چبھن / جلن)؟
- ایک ہی جگہ پر درد رہتی ہے یا پھر کسی اور طرف بھی جاتی ہے؟
- درد کی شدت کتنی ہے؟ (1–10 سکیل پر پوچھیں)۔
- درد شروع ہونے میں کتنی دیر لگتی ہے؟
- دن میں/ہفتے میں کتنی دفعہ درد ہو جاتی ہے؟ کسی خاص وقت شروع ہوتی ہے؟
- آرام کیسے آتا ہے؟
- پہلے بھی ایسا درد ہوتا رہتا تھا؟

.2 Associated Symptoms:

- متلی / دل خراب ہوتا ہے؟ الٹی آتی ہے؟
- سینے میں جلن ہوتی ہے؟ *(Reflux / Heartburn)*
- سیدھا لیٹنے یا جھکنے پر منہ میں کڑوا/تیزابیت والا ذائقہ آتا ہے؟
- کیا کھانا کھانے سے درد زیادہ ہوتی ہے یا آرام آ جاتا ہے؟ *(Gastric vs Duodenal Ulcer)*
- **Pancreatic Origin:** درد کمر کی طرف جاتی ہے؟ کھانے کے بعد شروع ہوتی ہے؟ آگے جھکنے سے بہتری آ جاتی ہے؟
- **Biliary Origin:** پیٹ کے دائیں طرف درد ہوتی ہے جو کھانا کھانے (مرغن غذا) کے بعد شروع ہوتی ہے اور ساتھ متلی/الٹی آتی ہے؟
- **Colonic Origin:** پیٹ کے نچلے حصے میں درد ہوتی ہے جس میں پاخانہ کرنے سے بہتری آ جاتی ہے؟
- **Cardiac Origin:** کام کرنے سے درد ہوتی ہے ساتھ میں سانس بھی پھول جاتا ہے اور پسینے آتے ہیں؟

.3 Alarm Features (Red Flags for Malignancy):

- کھانا کھاتے ہوئے گلے میں رک تو نہیں جاتا؟ *(Dysphagia)*
- وزن میں بہت زیادہ کمی ہوئی ہے؟ *(Weight Loss)*
- بھوک کم لگتی ہے؟ بہت جلدی پیٹ بھر جاتا ہے؟ *(Early Satiety)*
- آنکھیں پیلی ہوئی ہیں؟ *(Jaundice)*
- الٹیاں تو نہیں لگی رہیں؟ الٹی میں خون تو نہیں آیا کبھی؟ *(Hematemesis)*
- کالے پاخانے آئے ہوں؟ *(Melena)*
- پہلے کبھی معدے کا السر ہوا ہو یا معدے کا آپریشن ہوا ہو؟
- خون کی کمی؟ بہت جلد تھکاوٹ ہو جاتی ہے؟ سانس پھول جاتا ہے؟ *(Iron Deficiency Anemia)*

.4 Nocturnal Symptoms:

- رات کے وقت بھی یہ مسئلہ دیتا ہے؟ سوتے وقت کتنے تکئے رکھ کے سوتے ہیں؟ رات کو کھانا بہت دیر سے کھاتے ہیں؟

.5 Quality of Life:

- یہ علامات آپ کی زندگی پر کس طرح اثر انداز ہو رہی ہیں؟

B. Relevant Medical & Family History

- کبھی معدے کے السر کا مسئلہ رہا ہو؟ یا معدے کا آپریشن ہوا ہو؟

- لبلبہ کی سوزش تو نہیں ہوئی کبھی؟
- پتے کی پتھری کا مسئلہ ہوا ہو؟ یا پتہ کا آپریشن ہوا ہو؟
- خون کی کمی کا مسئلہ تو نہیں؟ خاندان میں ہے؟ *(Hemoglobinopathies / Pigment Stones)*
- کبھی اینڈو سکوپی (کیمرے والے ٹیسٹ) کے ذریعے معائنہ ہوا ہو؟
- خاندان میں کسی کو معدہ / انتڑیوں کے سرطان (کینسر) کا مسئلہ ہوا ہو کبھی بھی؟
- کولیسٹرول / خون میں چکنائی کی مقدار زیادہ تو نہیں؟ *(Hypertriglyceridemia -> Pancreatitis)*

C. Medications & Interactions

- استعمال کرتے ہیں؟ باقاعدگی سے لے رہے ہیں؟ (PPIs, Antacids) معدے کی دوائیاں کی گولی لے رہے ہیں؟
- کوئی درد والی دوا (NSAIDs) / اسٹرائیڈز / Bisphosphonates
    - **Drugs causing Reflux:** Nitrates, CCBs, Theophylline, Bisphosphonates.
    - **Drugs causing Pancreatitis:** Azathioprine, Furosemide, Thiazides, Valproate, Steroids.

D. Social Issues

1. شراب نوشی کرتے ہیں؟
تمباکو نوشی کرتے ہیں؟
2. ورزش کرتے ہیں یا زیادہ ٹائم لیٹے رہتے ہیں؟
3.
4. مرغن غذا کا استعمال کرتے ہیں؟
5. کام کیا کرتے ہیں؟

CASE 18: WEIGHT LOSS

A. History of Presenting Complaint

- وزن کی کمی کے ساتھ کوئی اور مسئلہ جو آپ بتانا چاہتے ہوں؟

.1 Nature of Weight Loss:

- کتنا وزن کم ہوا ہے؟ *(Significant: >5% of body weight over 6–12 months)*
- کتنے عرصے میں کم ہوا ہے؟
- کپڑے کھلے ہو گئے ہیں؟
- کیا آپ نے وزن کم کرنے کی کوشش کی ہے یا خود ہی کم ہو گیا ہے؟ *(Voluntary vs Involuntary)*
- کیا کھانے کی روٹین تبدیل کرنے، ورزش کرنے، زیادہ کام کاج کرنے سے وزن میں کمی شروع ہوئی؟

.2 Involuntary Weight Loss Assessment:

- **Preserved / Increased Appetite:**
  - Uncontrolled Diabetes Mellitus.
  - Hyperthyroidism.
  - Malabsorption (Celiac / IBD).
  - Pheochromocytoma.
- **Decreased Appetite (Loss of Appetite):**
  - Malignancy.
  - Severe Cardiac Failure (Cardiac Cachexia).
  - ESRD / Renal Failure.
  - Respiratory Failure / COPD.
  - Esophageal / Gastroduodenal Disease.
  - Depression.
  - HIV / Chronic Infection.
  - Chronic Inflammatory Diseases.

.3 Alarm Symptoms:

- کھانا نگلنے میں مسئلہ ہوتا ہو؟ یا گلے میں کبھی کھانا رک گیا ہو؟
- تھوڑا سا کھانا کھانے کے بعد پیٹ بھر جاتا ہو اور بھوک ختم ہو جاتی ہو؟ *(Early Satiety)*
- پیٹ میں درد دیتا ہو؟ کھانے کے بعد زیادہ ہو جاتا ہو یا ٹھیک ہو جاتا ہو؟ کمر کی طرف درد جاتا ہو؟
- پیچش یا قبض کا مسئلہ تو نہیں رہتا؟
- پاخانے میں خون آیا ہو کبھی؟ کس رنگ کا—سرخ یا کالے رنگ کا؟
- سانس تو نہیں پھول جاتا؟ کھانسی کا مسئلہ؟ کھانسی کے ساتھ کبھی خون آنے کی شکایت؟
- ہڈیوں میں درد رہتی ہو جس کی وجہ سے رات کو نیند نہ آتی ہو؟ *(Bone Metastasis)*

.4 Endocrine Review:

- وزن میں کمی کے ساتھ دل کی دھڑکن تیز رہتی ہو؟ بہت زیادہ پسینہ آتا ہو؟ *(Hyperthyroidism)*
- شوگر کا مسئلہ تو نہیں؟ بہت زیادہ چھوٹا پیشاب آتا ہو، پیاس زیادہ لگتی ہو؟ *(DM)*
- متلی، پیٹ درد، چکر، جلد کی رنگت میں تبدیلی (کالا پن)؟ *(Addison's Disease)*
- تھکاوٹ رہتی ہو؟ رات کو پسینہ زیادہ آتا ہو؟ *(Lymphoma / TB)*

.5 Nutrition Intake Assessment:

- گھنٹے میں کتنی دفعہ کھانا کھاتے ہیں؟ کھانے کے درمیان کچھ کھاتے ہیں؟

- گوشت اور دودھ کا استعمال کرتے ہیں؟
- کھانا کون بناتا ہے؟ اپنے حصے کا کھانا ختم کر لیتے ہیں یا بچ جاتا ہے؟
- کوئی طاقت کی گولی تو نہیں کھاتے؟

.6 Psychological Review:

- کیا کبھی خود وزن کم کرنے کی کوشش کی ہے؟
- کیا وزن کم زیادہ ہوتا رہتا ہے؟
- کبھی ڈائٹنگ کی ہے وزن کم کرنے کے لیے؟ *(Anorexia Nervosa / Bulimia)*
- مزاج کیسا رہتا ہے؟ چڑچڑا پن، طبیعت میں اداسی رہتی ہو؟ *(Depression)*

B. Relevant Medical & Family History

- پرانی کھانسی، بلغم، سانس کا مسئلہ؟ *(COPD)*
- دل کا اٹیک ہوا ہو؟ کام کرنے، چلنے پھرنے سے سانس پھول جاتا ہو جو لیٹنے پر اور زیادہ پھول جاتا ہو؟ رات کو سانس پھولنے کی وجہ سے آنکھ کھل جاتی ہو؟ *(Heart Failure)*
- شوگر کا مسئلہ؟ ڈائیلیسز تو نہیں ہوا کبھی؟
- معدے کے السر کا مسئلہ تو نہیں؟ کھانے کے بعد پیٹ درد کا مسئلہ جو پیچھے کمر کی طرف جاتا ہو؟ پرانے پیچش لگے رہتے ہوں؟ خون تو نہیں آتا ساتھ؟ *(PUD, Pancreatitis, Crohn's Disease)*
- کھانے کے بعد پیٹ درد اور پاخانے کے ساتھ خون کا مسئلہ؟ *(Mesenteric Ischemia)*
- خاندان میں کسی کو کینسر کا مسئلہ تو نہیں؟

C. Medications & Interactions

- **Loss of Appetite / GI Side Effects:** SSRIs, Levodopa, Metformin, Digoxin, Theophylline.
- **Dry Mouth:** Diuretics, Anticholinergic drugs.
- **Dysphagia / Esophagitis:** Bisphosphonates, NSAIDs, Theophylline.
- **Nausea:** Antibiotics, Digoxin, Metformin, Iron supplements.
- **Pancreatitis:** Azathioprine, ARVs, Sulfa drugs, MTX.
- (Ask if taking enzyme supplements or PPIs for Chronic Pancreatitis).
- Cocaine, Amphetamines.

D. Social Issues

1. شراب نوشی تو نہیں کرتے؟
2. تمباکو نوشی کرتے ہیں؟
3. نشہ تو نہیں کرتے سوئی سے ٹیکہ لگا کر؟ غیر ازدواجی تعلقات رہے ہوں؟ *(HIV / Hepatitis Risk)*
4. سفر کرتے رہتے ہیں؟ *(Travelers Diarrhea / Giardia / Campylobacter)*

CASE 19: CHANGE IN BOWEL HABIT

(Diarrhea & Constipation)

Part I: Constipation

.1 Definition & Onset:

- قبض کا مسئلہ کب سے ہے؟ *(Definition: <3 bowel movements per week)*
- روٹین میں کتنی دفعہ پاخانہ کرنے میں اور ابھی کیا تبدیلی آئی ہے؟
- دن میں/ہفتے میں کتنی دفعہ پاخانہ آتا ہے؟
- نرم ہوتا ہے یا سخت؟ زور لگانا پڑتا ہے؟
- پاخانہ کرنے کے فوراً بعد یا تھوڑی دیر میں ہی دوبارہ حاجت ہوتی ہو؟ *(Tenesmus)*
- یہ سارا مسئلہ کب سے ہے؟ کیا یہ علامات وقت کے ساتھ بڑھ رہی ہیں؟
- کیا اچانک سے مسئلہ شروع ہوا ہے؟ اور ساتھ پیٹ درد، بخار تو نہیں؟ ہوا خارج ہو رہی ہے؟ *(Acute Intestinal Obstruction)*

.2 Defecation Disorders:

- پاخانہ چاہے نرم ہو یا سخت، آپ کو ہر دفعہ پاخانہ کرتے زور لگانا پڑتا ہے؟
- کیا کبھی پاخانے والی جگہ پر انگلی ڈال کر پاخانہ نکالنا پڑتا ہے؟
- کبھی ایسا تو نہیں ہوا کہ پاخانہ خود سے نکل گیا ہو؟ *(Fecal Incontinence / Overflow)*
- کیا ایسا تو نہیں ہوتا کہ پیٹ میں درد بھی ہوتی ہو جو پاخانہ کرنے سے بہتر ہو جاتی ہو؟ *(IBS-C)*

.3 Alarm & Systemic Review:

- خاندان میں کسی کو کینسر (انتڑیوں کے کینسر) کا مسئلہ تو نہیں؟ *(Colorectal Cancer)*
- خاندان میں کسی کو پرانے پیچش لگے رہنے کا مسئلہ جس میں خون بھی آتا ہو؟ *(IBD)*
- وزن بڑھ گیا ہو؟ تھکاوٹ رہتی ہو؟ سردی بہت زیادہ لگتی ہو؟ *(Hypothyroidism)*
- وزن میں بہت کمی، کھانسی کا مسئلہ، جسم پر سرخ نشان، کوئی حصہ سُن ہو گیا ہو، کوئی نفسیاتی مسئلہ، پیٹ میں شدید درد، پیاس زیادہ لگنا؟ *(Hypercalcemia d/t Malignancy, Sarcoidosis, Hyperparathyroidism)*
- کمر کی ہڈی پر چوٹ لگی ہو؟ یا ریڑھ کی ہڈی کا آپریشن ہوا ہو؟ *(Spinal Cord Lesion)*

Part II: Diarrhea

.1 Definition & Pattern:

- پیچش سے کیا مراد ہے؟ پتلے پاخانے آتے ہیں؟ دن میں کتنی دفعہ آتے ہیں؟ *(Definition: >200g/day or stool frequency change)*
- یا پاخانہ خود بخود نکل جانے کو تو آپ پیچش نہیں کہہ رہے؟
- **Secretory:** بہت زیادہ مقدار میں پتلے پاخانے آتے ہوں جن پر خالی پیٹ رہنے سے بھی کوئی فرق نہ پڑتا ہو؟
- **Osmotic:** درمیانی مقدار میں پاخانے آتے ہوں جو خالی پیٹ رہنے سے بہتر ہو جاتے ہوں؟
- **Inflammatory:** پاخانے میں خون آتا ہو ساتھ پیٹ درد کا مسئلہ ہو؟
- **Steatorrhea:** پاخانے میں چکنائی/لیوی آتی ہو؟ ٹائلٹ میں پاخانہ چپک جاتا ہے یا تیرتا ہے؟
- **Proctitis / Urgency:** اچانک سے حاجت ہوتی ہو جس کو قابو کرنا مشکل ہو جاتا ہو؟
- کیا رات کو بھی پاخانے دن کی طرح ہی آتے ہیں؟ *(Organic vs Functional: Night diarrhea indicates Organic)*

.2 Small vs Large Bowel Diarrhea Comparison:

Feature	Small Bowel Diarrhea	Large Bowel Diarrhea

Stool Volume	Large / Watery	Small, relatively well-formed
Blood / Mucus	Rare	Common (Blood ++, Mucus ++)
Odour	Offensive ++	Less offensive
Vomiting	Common ++	Less common
Pain / Tenesmus	Mid-abd cramps	Lower abd pain, Tenesmus ++
Dehydration	Common	Rare

.3 Associated Upper GI & Systemic Symptoms:

- متلی، الٹی، کھانا نگلتے وقت رکاوٹ کا مسئلہ، سینے میں جلن، منہ میں کڑوا ذائقہ، بہت جلد پیٹ بھر جانا؟
- **Abdominal Pain:** پیٹ درد پاخانہ کرنے کے بعد ٹھیک/بہتر ہو جاتی ہے؟ *(IBS / IBD)* کھانے کے بعد پیٹ درد ہوتی ہے جو کمر کی طرف بھی جاتی ہے؟ *(Pancreatitis)*
- **Systemic** بخار، دل کی دھڑکن تیز ہو جانا؟ *(Hyperthyroidism / Infection)* جوڑوں میں درد، منہ میں چھالے، جسم پر سرخ نشان، آنکھیں سرخ اور دردناک؟ پر چھالے/سرخ نشان؟ *(IBD, Reactive Arthritis, Celiac)* **Review:** پیشاب والی جگہ

.4 Associated Risk Factors (Acute Diarrhea):

- کوئی نئی دوائی شروع کی ہو؟
- آپ کے خیال میں کوئی ایسا کھانا جس کے کھانے سے پیچش کا مسئلہ زیادہ ہو جاتا ہے؟ (مثلاً دودھ یا دودھ سے بنی چیزیں—Lactose Intolerance)?
- Antibiotics کچھ دن سے استعمال کی ہوں؟ *(C. difficile)*
- کبھی پیٹ کا کوئی آپریشن ہوا ہو؟ (پتے / انتڑی / معدے کے السر کے لیے)؟
- دوستوں، خاندان یا رہائش کے پاس پیچش کی وبا تو نہیں پھیلی ہوئی؟
- نارمل سے ہٹ کر کوئی کھانا کھایا ہو؟ اس کے کتنی دیر بعد پیچش شروع ہوئے؟
  - *>6 hrs:* Staphylococcus aureus, Bacillus cereus.
  - *8–14 hrs:* Clostridium perfringens.
  - *>14 hrs:* Viral, E. coli, Salmonella, Campylobacter.

B. Relevant Medical & Family History

- پرانے پیچش کا مسئلہ جس میں خون آتا ہو؟ *(IBD)*
- خاندان میں کسی کو انتڑیوں کے کینسر کا مسئلہ؟
- شوگر کا مسئلہ تو نہیں؟ *(Autonomic Neuropathy)*
- کھانے کے بعد پیٹ درد جو کمر کی طرف جاتی ہے؟ *(Chronic Pancreatitis)*
- وزن میں کمی، دل کی دھڑکن تیز، پسینہ زیادہ، گرمی زیادہ لگنا، ہاتھ کانپنا؟ *(Hyperthyroidism)*
- جسم پر سفید نشان؟ *(Vitiligo / Autoimmune)*
- جلدی تھکاوٹ، پیر سُن ہونا، چلتے ہوئے لڑکھڑا جانا؟ *(Vitamin B12 Deficiency / Celiac / SIBO)*
- جلد بہت سخت ہوئی ہو، کھانا نگلنے میں رکاوٹ، سردیوں میں انگلیوں کا رنگ تبدیل ہونا؟ *(Systemic Sclerosis)*
- چہرے کی رنگت سرخ ہو جاتی ہو، سانس پھولنا، سیٹیوں کی آواز؟ *(Carcinoid)*
- جسم پر سرخ نشان؟ *(Pellagra / Niacin Deficiency)*

C. Complications of Malabsorption

- ہڈیوں میں درد ہوتی ہو؟ *(Vitamin D deficiency)*
- رات کو کم نظر آتا ہے؟ *(Vitamin A deficiency)*
- دانتوں/ناک/جسم کے کسی حصے سے خون آتا ہو؟ *(Vitamin K deficiency)*
- ہاتھ پر سُن ہو جاتے ہوں؟

D. Medications & Interactions

- Laxatives, Antibiotics, ACE-Is, Digoxin, SSRIs, Statins, PPIs (Lansoprazole), Allopurinol.

E. Social Issues

1. شراب نوشی؟ تمباکو نوشی؟
2. انجیلا (سوئی) لگا کر کوئی نشہ تو نہیں کرتے؟ غیر ازدواجی تعلقات؟ *(HIV / Hepatitis)*
3. سفر کی ہسٹری؟

CASE 20: DYSPHAGIA

A. History of Presenting Complaint

.1 Nature & Site:

- کیا مسئلہ ہوتا ہے جب کھانا نگلتے ہیں تو؟
- کس جگہ پر کھانا رک جاتا ہے؟
  - *Pharynx / Neck:* Oropharyngeal Dysphagia.
  - *Behind Sternum:* Esophageal Dysphagia.
- کیا کھانا نگلنے کے شروع میں مسئلہ ہوتا ہے؟ کیا سر یا جسم کی پوزیشن بدلنی پڑتی ہے کھانا منہ سے گلے میں لے کر *(Oropharyngeal)* جانے کے لیے؟ انگلی سے کھانا پیچھے گلے کی طرف کرنا پڑتا ہے؟
- کھانا کھانے کے بعد کھانسی/غوطہ تو نہیں لگ جاتا؟ کبھی ناک سے باہر کھانا نکلے؟ *(Aspiration / Oropharyngeal)*

.2 Solids vs Liquids:

- کس قسم کے کھانے سے مسئلہ ہوتا ہے—ٹھوس غذا (Solids) سے یا پھر پانی (Liquids) سے؟
  - *Solids then Liquids (Progressive):* Mechanical Obstruction (Stricture / Carcinoma).
  - *Solids and Liquids together (from start):* Motility Disorder (Achalasia, Esophageal Spasm).
- کیا بہت زیادہ ٹھوس غذا سے زیادہ مسئلہ ہوتا ہے؟ پھر کھانا تھوڑا تھوڑا کھاتے ہیں؟
- کیا تھوڑا گاڑھا کر کے پانی/مائع پینے سے بہتری آتی ہے؟

.3 Progression & Red Flags:

- کیا علامات پہلے سے بڑھ رہی ہیں؟ یا کبھی کبار علامات آتی ہیں اور پھر ٹھیک ہو جاتی ہیں؟
  - *Rapidly Progressive + Weight Loss:* Malignancy.
  - *Non-progressive / Intermittent:* Rings, Webs, Spasm.
- وزن میں کمی ہوئی ہے؟
- کیا گردن میں کوئی ابھار/سوزش نظر آتی ہے؟ *(Pharyngeal Pouch / Thyroid)*

.4 Associated Symptoms:

- **Odynophagia (Painful Swallowing):** کھانا نگلتے درد ہوتی ہے؟ *(Infectious Esophagitis / Esophageal Ulcer)*
- **Chest Pain:** سینے میں درد ہوتی ہے کھانا نگلتے ہوئے؟ *(Motor Disorder / Spasm / Achalasia)* سینے میں جلن ہوتی ہے؟ رات کو لیٹنے پر جلن زیادہ ہو جاتی ہے؟
- **Reflux / Regurgitation:** منہ میں کڑوا/کھٹا ذائقہ آتا ہے؟ ناپچیا ہوا کھانا منہ میں واپس آ جاتا ہے؟ *(Achalasia / GERD / Stricture / Adenocarcinoma)*

- **Neurological Review:**
  - *Parkinson's:* ہاتھ/بازو کانپتے ہوں؟
  - *Myasthenia Gravis:* آنکھیں کھول کر رکھنے میں مسئلہ ہوتا ہو؟ کام کاج کرنے کے بعد جسم کے کسی حصے کی کمزوری ہو جاتی ہو؟
  - *Stroke:* جسم کے کسی حصے کی کمزوری جو اچانک سے ہوئی ہو؟ بولنے میں مسئلہ ہوا ہو؟
  - *Motor Neuron Disease (ALS):* آواز میں تبدیلی، زبان کا سوکھنا/پھڑپھڑانا؟

B. Relevant Past Medical History

- **Neurological Disease:** کبھی فالج کا مسئلہ تو نہیں ہوا؟ ہاتھ/بازو کانپنے کا مسئلہ (رعشہ)؟ اچانک بینائی چلی گئی ہو/کمزوری؟ آنکھیں کھولنا مشکل، 2 2 چیزیں نظر آتی ہوں؟
- **Sjogren's Syndrome:** آنکھیں خشک رہتی ہوں؟ سرخ ہو جاتی ہوں اور ساتھ خارش ہوتی ہو؟ منہ خشک رہتا ہو؟
- **Systemic Sclerosis (Scleroderma):** جلد سخت ہو گئی ہو؟ سردیوں میں ہاتھوں کی انگلیوں کی رنگت تبدیل ہوتی ہو؟
- **Cervical Spondylosis / Osteoarthritis:** جوڑوں کے درد کا مسئلہ؟ گردن میں درد/آواز آتی ہو؟
- **Radiation Esophagitis:** کبھی گلے/چھاتی پر شعاعیں (Radiation) لگی تھیں؟
- **Valvular Heart Disease:** دل کا مسئلہ تو نہیں؟ دل کا کوئی والو (Mitral Stenosis) تنگ تو نہیں؟ *(Enlarged Left Atrium compressing esophagus)*
- **Infections / Immunosuppression:** HIV / AIDS / Immunosuppressive drugs?
- **Atopy / Eosinophilic Esophagitis:** چھینکیں، ناک سے پانی بہنے اور جسم پر سرخ نشان بن جانے کا مسئلہ تو نہیں؟

C. Medications

- **Pill Esophagitis / LES Dysfunction:** Doxycycline, NSAIDs, Bisphosphonates, Iron supplements, Potassium supplements, Nitrates, CCBs, Anticholinergics.

D. Social Issues

1. تمباکو نوشی اور شراب نوشی کرتے ہیں؟ *(Risk factor for Squamous Cell Carcinoma)*
2. کوئی ذہنی دباؤ کا مسئلہ؟ نیند ٹھیک آتی ہے؟ *(Globus Pharyngeus - feeling of lump without true dysphagia)*

CASE 21: ABDOMINAL PAIN

A. History of Presenting Complaint (SOCRATES Assessment)

.1 Onset & Duration:

- کیا مسئلہ ہوا ہے؟
- کیا آپ کو یاد ہے کس وقت پیٹ درد شروع ہوا؟ یا پھر آہستہ آہستہ درد شروع ہوتی ہے؟ درد شروع ہونے کے بعد کتنی دیر رہی؟ دن/ہفتے میں کتنی دفعہ درد ہو جاتی ہے؟ *(Sudden vs Gradual)*

.2 Site & Radiation:

